# FROM BORDERS TO BELONGING

## Karachi s Journey of Migration






The Dawood Foundation

GHAR


JM 2/233 47, Amil Colony No. 1 Karachi
Tel: +922135686001-16
www.dawoodfoundation.org info.tdf@dawoodhercules.com

# KARACHI BEFORE PARTITION

## A Journey Through Time

In pre-partition India, Karachi had grown to be one of the most liveable cities in the subcontinent.

People and vehicles did not congest most areas of the city. The transport network of buses and trams, almost all of them privately owned, ran smoothly.









**There were several attractive buildings of Indo-European architecture: Frere Hall, Empress Market, Sind Club, Napier Barracks, Merewether Tower, Holy Trinity Cathedral, St. Andrew's Church, St. Patrick's Cathedral, Old Sind Assembly, the High Court, Mohatta Palace, Lakshmi Building, KMC Building, Customs House, and the West Wharf.**

**Karachi was the major centre of commerce, with a population of approximately 450,000 at the time of partition. Since then, the port city has seen an almost 50-fold increase in its population, a soaring growth rate set in motion by the population exchange between the two new countries and subsequently fuelled by continued internal migration from rural parts of Pakistan.**
**At the time of India's partition, Karachi's modest population was a rich tapestry of religions—including Muslims, Hindus, Sikhs, Christians, Parsis, and Jews—and a variety of languages, such as Sindhi, Balochi, Kachhi, Gujarati, Hindustani, and English.**

Before partition, Karachi was a Hindu-majority city, that mainly spoke Sindhi.

The architecture of Karachi's earlier quarters resembled that of old Bombay, a port city with which it shared many similarities of culture, language and food.

But Karachi's demography underwent huge changes in 1947. Within a few months of Partition, 80,000 people arrived from Delhi.

That was the beginning of an exodus from India which continued until around 1955, adding over half a million people to the city's population. By the time the first wave of refugees had settled in, Karachi had become a predominantly Muslim city and more than half of its population was Urdu-speaking. Very few cities in the world have undergone such a rapid transformation.



# KARACHI

THROUGH THE LENS

## A Journey Through Time

Pakistan was founded on 14th August 1947, prompting a historic migration as countless Muslims from across India journeyed toward the new nation. Millions began leaving their homes even before the borders of their destination were formally drawn.

Amidst widespread unrest, political upheaval, and social chaos, the world witnessed the largest human displacement in history, involving nearly 15 million people.



**1947**

**14th August**



**15,000,000**


*people*

The summer of 1947 witnessed the biggest mass migration in human history. Those who could afford to, left in planes, ships or special trains. However, spaces were scarce. Hence most took regular trains and the poorest of the poor travelled on foot.

The Impact of partition on

## Sindh's Urban Landscape

**The Partition of 1947 led to the migration of 6.5 million Muslims to Pakistan and 4.7 million Sikhs and Hindus to India, resulting in a 6% population surge in Pakistan, concentrated in urban areas of Sindh and Punjab.**



**The predominantly Urdu-speaking Muslim migrants took over roles vacated by Sindhi Hindus, who had been the region's business and professional elite, creating a rural-urban divide between Sindhi-speaking locals and the new settlers.**

**The urban population of Sindh in 1941 was 12 percent of its total population. By 1951, this had increased to 29 percent. Most of the smaller towns registered negative growth due to the departure of Hindus. However, Sindh's two major towns, Hyderabad and Karachi, grew by over 150 percent during the inter-census period because of migration.**



1951

A majority of the refugees were settled in hastily constructed refugee camps in Sindh and Punjab. By the 1960s, many of the refugee camps (especially in Karachi) had turned into shanty towns with high levels of crime, unemployment and alcoholism. In the 1970s, many of these shanty towns were regularised and provided basic amenities such as water and electricity. To date they are the most congested areas of the city.

To compensate for their properties lost in India, these migrants were allocated evacuee properties left by departing Hindus.

**Hajji Camp (Haji Camp)** – One of the largest camps, located near the port, which later became the site where pilgrims departed for Hajj.
**Malir Camp** – Located in the Malir district, this camp housed many refugees during the early years after Partition.
**Landhi Camp** – Situated in the eastern part of Karachi, this camp accommodated a large number of incoming refugees.
**Drigh Road Camp** – Along what is now Shahrah-e-Faisal, this camp served as temporary housing for refugees who arrived in Karachi.
**Lyari Camp** – In the Lyari area - a heavily populated part of Karachi, many refugees were settled in makeshift camps.
**Korangi Camp** – Another camp set up in the eastern suburbs of the city to provide shelter to refugees.






1950s

# FROM REFUGEE CAMPS TO RESETTLEMENT

## Karachi's Journey of Growth and Challenges

After the Partition of 1947, minority communities in Karachi played a vital role in shaping the city's cultural, educational,and economic landscape.

Their contributions spanned diverse fields, including healthcare, education, and social services, leaving a lasting impact on Karachi's development. From establishing renowned institutions like hospitals and schools to fostering communal harmony, these communities became integral to the city's progress and resilience.

### The Memon Community Influence on Karachi's Development

**The Dawood Foundation**

In the 1950s, the Dawood family, one of Pakistan's leading business dynasties, established The Dawood Foundation to drive socio-economic development through philanthropy.

At the heart of Karachi stands the iconic Dawood Centre, one of the city's earliest high-rises. Constructed in the 1960s by the renowned Macdonald Layton & Company (MLC) Ltd., the building symbolises Pakistan's aspirations for modernity. Once a quaint architectural marvel, it has been thoughtfully transformed into a state-of-the-art business hub equipped with cutting-edge technologies. Today, the Dawood Centre remains a celebrated landmark, reflecting the enduring legacy of progress and innovation.

innovation




1948

### The Parsi Legacy: Shaping Karachi's Future

**Avari Hotel**

Avari Hotel Group was founded in March 1948 by Dinshaw Avari who was originally from Bombay. Avari Hotel's first location was the Beach Luxury Hotel in Karachi which opened on 21st March, 1948. The group expanded across Pakistan and the Middle East, including Avari Towers in Karachi and Avari Dubai. The 17-storey building have 120 renovated rooms and suites, and is one of the tallest buildings in Karachi.

**Empowering Karachi:**

### The Christian Community's Impact

**Karachi Adventist Hospital**

Started as a tent hospital in 1947, the current facility was built in 1951 by the Seventh-day Adventist Church. The hospital offers comprehensive medical services, integrating physical, mental, and spiritual care. It conducts health camps and community initiatives to serve underserved populations. The hospital remains a trusted institution for holistic healthcare.

Seventh-day Adventist Hospital



# FROM REFUGEE CAMPS TO RESETTLEMENT

## Karachi's Journey of Growth and Challenges

The 1947 Partition reshaped Karachi, impacting its urban fabric, socio-political dynamics, and economy.

## Housing Crisis:
## Influx Beyond Capacity

**Karachi faced a severe housing crisis post-Partition, as its population surged from 400,000 to over 1 million by the early 1950s.**

**The city's infrastructure struggled to accommodate the overwhelming influx of migrants.**

### Temporary Shelters and Refugee Camps

Refugee camps in areas like Korangi and Malir became permanent settlements, with makeshift housing often lacking basic amenities.Korangi Township, initially planned as a model migrant settlement, soon became overcrowded and under-resourced, fueling urban poverty.

### Displacement of Indigenous Populations

Resettlement efforts displaced many local Sindhis, as migrant settlements encroached on ancestral lands around Karachi.This sparked land conflicts and heightened ethnic tensions between Sindhis and Muhajirs.



### Government Housing Schemes

The government launched housing schemes such as Liaquatabad, Nazimabad, and Federal B Area to aid middle and lower-middle-class refugees.

*Karachi*
**reshaped**

## Infrastructure Strain:
## A City Overwhelmed

**Karachi's infrastructure, originally built for smaller population, was overwhelmed by mass migration, causing strained resources and worsening living conditions.**

### Transportation Woes

The transportation system could not meet the surging demand, with overcrowded buses, congested roads, and limited infrastructure in new areas like Korangi and Nazimabad. Residents often relied on informal and unreliable transport options.

### Water and Sanitation

Rapid population growth in Karachi led to water shortages, inadequate sanitation, and disease outbreaks like cholera and tuberculosis in overcrowded settlements. Lack of sewage infrastructure in new settlements led to open drains and poor waste disposal, contributing to Karachi's urban decay.

### Energy Shortages

The surge in population overwhelmed Karachi's power grid, causing frequent outages and blackouts, especially in refugee settlements.





# BUILDING KARACHI

## THE COMMUNITIES THAT SHAPED ITS FUTURE AFTER PARTITION

Karachi's development after Partition is a testament to resilience, unity, and transformation. As millions of refugees arrived, they brought diverse cultures, skills, and experiences, playing a key role in shaping the city into one of Pakistan's most vibrant and cosmopolitan urban centers. The seismic shift of 1947 reshaped Karachi's social and economic landscape, with various communities contributing to its growth in healthcare, education, and commerce. Today, Karachi's multicultural identity and success as a commercial hub reflect the enduring impact of these diverse communities.





# HINDU COMMUNITY

## PILLARS OF KARACHI'S PROGRESS

The Hindu community played a crucial role in Sindh's administration and economy, adapting to British rule. Sindhi merchants thrived by leveraging new trade routes, even in a European-dominated market.

The Amil community excelled in the British administration, promoting education, including the founding of Dayaram Jethmal Sind College. By the early 20th century, Hindus were vital to Sindh's governance and economic growth.



# JEWS CONTRIBUTIONS

## KARACHI'S HIDDEN GEMS

Moses Somake, a Jewish architect, left a lasting impact on Karachi's architecture, designing iconic buildings like Edward House, Flagstaff House, also known as the Quaid-e-Azam House Museum, The Karachi Goan Association Hall, Mules Mansion, and Bai Virbaiji Soparivala (BVS) Parsi High School.

His works blended simplicity with diverse influences, including Renaissance elements and semicircular balconies. Somake's signature style, known as "Somakesque," continues to define Karachi's architectural heritage. He also contributed to the design of Victoria Mansion.






# KARACHI'S GROWTH

## THE BOHRA IMPACT

In 1963, Syedna Taher Saifuddin established the Saifee Eide Zahabi Institute in Karachi, enhancing the Bohra community's influence on education and Karachi's development.

Their innovative thali system promotes inclusivity and sustainability, while welfare projects like Saifee Hospital and entrepreneurial ventures contributed to the city's growth. The Bohras' commitment to social welfare and heritage preservation has left a lasting impact on Karachi.



## THE MEMON'S TRANSFORMATIVE

### CONTRIBUTIONS TO KARACHI'S SOCIAL WELFARE

Abdul Sattar Edhi, founder of Pakistan's largest welfare network, the Edhi Foundation, operated 335 centres and a fleet of 1,800 ambulances. Despite receiving substantial donations, Edhi lived modestly, owning just two sets of clothing and residing in a two-room apartment.

He began his mission in 1951, purchasing an old van to provide medical assistance. Over decades, he expanded services to include orphanages, shelters, maternity homes, and burial services, addressing critical social gaps. His lifelong commitment to humanity and simplicity remains a cornerstone of Pakistan's welfare history.

## Shaher Bano

Survivors and Their Memories

"I got married in India and lived there for two years before moving to Karachi, Pakistan, where we eventually settled.

**At first, we lived in a small quarter, but later built our home in Al Azam Square.**

During the 1965 war, communication was incredibly challenging. I had to send letters to my nephew in Canada, who would then forward them to India.

**Looking back, I feel the partition should never have happened—it left people scattered and disconnected, torn between here and there."**

## Bashir Sultana

Survivors and Their Memories

"We faced immense danger during the partition, with Hindus targeting us. Leaving everything behind in Delhi, we fled to Karachi by aeroplane.

In Karachi, life started anew. At first, **we lived on Burns Road and later purchased a home in Nazimabad.** Karachi felt welcoming and vibrant.

Back in India, school days were a cherished memory. **We girls would ride in a doli (palanquin), carried by a kahar, to school.** Those were simpler times.

The air was charged with slogans like **'Quaid-e-Azam Zindabad' and 'Ban kar rahega Pakistan'.** Quaid-e-Azam was the unifying force who kept everyone close, instilling hope and determination in difficult times."

## Ahmed Abdul Bari (Bari Mian)

"My father, Maulana Jamal Ahmed Firangi Mahali, hailed from the historic Firangi Mahal in Lucknow. After Partition, our journey took us first to Dhaka and then to Karachi, where we finally settled.


Life after Partition was marked by resilience and dedication. **People worked tirelessly—even on tea chests in makeshift offices—to rebuild their lives and the nation. welcoming and vibrant.**

Lucknow has a famous saying: **'Khuda abaad rakhe Lucknow ko, phir ganeemat hai, nazar koi na koi pyaari soorat aa he jaati hai.'** The same holds true for Karachi:

**'Khuda abaad rakhe Karachi ko, phir ganeemat hai, nazar koi na koi pyaari soorat aa he jaati hai.'** May Karachi remain vibrant and welcoming, just as it has always been."

# سرحدوں سے وابستگی

## کراچی کے سفرِ ہجرت کی داستان




The Dawood Foundation

GHAR گھر

JM 2/233 47, Amil Colony No. 1 Karachi
Tel: +922135686001-16
www.dawoodfoundation.org info.tdf@dawoodhercules.com

# کراچی، ہجرت کی نظر سے



پاکستان 14 اگست 1947 کو قائم ہوا، جس کے نتیجے میں ایک تاریخی ہجرت ہوئی، جس میں ان گنت مسلمانوں نے ہندوستان سے نئے ملک پاکستان کی جانب سفر کیا۔ لاکھوں لوگوں نے تبھی اپنے گھر بار چھوڑ دیے تھے، جب اُن کی منزل یعنی پاکستان کی سرحدوں کا ابھی تعین بھی نہیں ہوا تھا۔ بڑے پیمانے پر بد امنی، سیاسی تبدیلی اور سماجی افراتفری کے دوران دنیا نے انسانی تاریخ کی یہ سب سے بڑی ہجرت دیکھی، جس میں تقریباً ڈیڑھ کروڑ لوگوں نے نقل مکانی کی۔

1947 کے موسمِ گرما نے انسانی تاریخ کی سب سے بڑی ہجرت دیکھی۔ جو لوگ استطاعت رکھتے تھے، وہ ہوائی جہازوں، بحری جہازوں یا خصوصی ٹرینوں سے گئے۔ لیکن ان میں بھی جگہ بہت کم تھی۔ اس لیے زیادہ تر لوگوں نے عام ٹرینوں کا راستہ اختیار کیا اور جو انتہائی غریب تھے، وہ پیدل ہی چل پڑے۔



## تقسیم کا سندھ کے شہری منظرنامے پر اثر

1947 کی تقسیم کے نتیجے میں 65 لاکھ مسلمان پاکستان ہجرت کر گئے اور 47 لاکھ سکھ اور ہندو بھارت چلے گئے، جس کے نتیجے میں پاکستان کی آبادی میں 6 فیصد اضافہ ہوا، جو زیادہ تر سندھ اور پنجاب کے شہری علاقوں میں مرکوز تھا۔



زیادہ تر اردو بولنے والے مسلمان مہاجرین نے سندھ کے ہندوؤں کے خالی کردہ کردار سنبھال لیے، جو خطے کے کاروباری اور پیشہ ورانہ اشرافیہ تھے۔ اس سے سندھی بولنے والے مقامی باشندوں اور نئے مہاجرین کے درمیان ایک ثقافتی اور شہری تقسیم پیدا ہوگئی۔

1941 میں سندھ کی شہری آبادی کل آبادی کا 12 فیصد تھی۔ 1951 تک یہ بڑھ کر 29 فیصد ہوگئی۔ چھوٹے قصبے زیادہ تر ہندوؤں کے انخلاء کی وجہ سے منفی شرح نمو کا شکار ہوئے۔ تاہم، سندھ کے دو بڑے شہروں، حیدرآباد اور کراچی، کی آبادی میں مردم شماری کے درمیانی عرصے کے دوران 150 فیصد سے زیادہ اضافہ ہوا۔

# کراچی، ہجرت کی نظر سے

کراچی، ہجرت کی نظر سے مہاجرین کی اکثریت سندھ اور پنجاب میں ہنگامی طور پر بنائے گئے مہاجر کیمپوں میں ٹھیرائی گئی۔ 1960 کی دہائی تک کئی مہاجر کیمپ (خصوصاً کراچی میں واقع مہاجر کیمپ) کچی آبادیوں میں بدل چکے تھے، جہاں جرائم، بے روزگاری اور شراب نوشی کی شرح بہت زیادہ تھی۔ 1970 کی دہائی میں اِن کچی آبادیوں کو قانونی صورت دی گئی اور انھیں بجلی اور پانی جیسی بنیادی سہولیات فراہم کی گئیں۔ آج یہ شہر کے سب سے گنجان آباد علاقے ہیں۔

**ہندوستان میں چھوڑی گئی جائیدادوں کے بدلے میں اِن مہاجرین کو یہاں سے ہجرت کر جانے والے ہندوؤں کی چھوڑی گئی املاک فراہم کی گئیں۔ مہاجر کیمپس حاجی کیمپ – سب سے بڑے کیمپوں میں سے ایک، جو بندرگاہ کے قریب تھا، جسے بعد میں حج کے لیے جانے والوں کی قیام گاہ بنایا گیا۔**

**ملیر کیمپ** – ضلع ملیر میں واقع اِس کیمپ میں تقسیم کے ابتدائی دنوں میں کئی مہاجرین آباد ہوئے تھے۔

**لانڈھی کیمپ** – کراچی کے مشرقی حصے میں واقع یہ کیمپ آنے والے مہاجرین کی بڑی تعداد کا مسکن رہا۔

**ڈرگ روڈ کیمپ** – موجودہ شارع فیصل کے ساتھ واقع یہ کیمپ کراچی آنے والے مہاجرین کی عارضی رہائش گاہ بنا۔

**لیاری کیمپ** – کئی مہاجرین کراچی کے انتہائی گنجان آباد علاقے لیاری میں عارضی کیمپوں میں مقیم ہوئے۔ کورنگی کیمپ – ایک اور کیمپ شہر کے مشرقی مضافات میں بنایا گیا تاکہ مہاجرین کو پناہ فراہم کر سکے۔



# مہاجر کیمپوں سے آبادکاری تک

## کراچی کی ترقی اور چیلنجز کا سفر

1947 میں تقسیمِ ہند کے بعد کراچی کی اقلیتی برادری نے شہر کے ثقافتی، تعلیمی اور اقتصادی منظرنامے کو تشکیل دینے میں اہم کردار ادا کیا۔ ان کا یہ کردار مختلف شعبوں میں پھیلا ہوا تھا جن میں صحتِ عامہ، تعلیم اور سماجی خدمات شامل ہیں، جس نے شہر کی ترقی پر اَن مِٹ نقوش مرتب کیے۔ ہسپتالوں اور اسکولوں جیسے معروف ادارے قائم کرنے سے لے کر مقامی برادریوں میں امن و آشتی کے قیام تک، ان برادریوں نے شہر کی ترقی اور اس کی مشکل حالات کا بھی ڈٹ کر مقابلہ کرنے کی صلاحیت بڑھانے میں اہم کردار ادا کیا۔



### کراچی کی ترقی پر میمن برادری کے اثرات

#### دی داؤد فاؤنڈیشن

1950 کی دہائی میں داؤد پاکستان کے معروف سیاسی خاندانوں میں سے ایک، داؤد فیملی، نے دی داؤد فاؤنڈیشن قائم کی تاکہ انسان دوست سرگرمیوں کے ذریعے سماجی و اقتصادی ترقی کو تحریک دی جا سکے۔ کراچی کے قلب میں مشہور داؤد سینٹر موجود ہے، جو شہر کی ابتدائی بلند و بالا عمارات میں سے ایک ہے۔ 1960 کی دہائی میں معروف مکڈونلڈ لیٹن اینڈ کمپنی (ایم ایل سی) لمیٹڈ کی تیار کردہ یہ عمارت پاکستان کی جدت کی آرزو کی علامت ہے۔ جو ماضی کے ایک غیر معمولی تعمیراتی شاہکار تھی، اب جدید ٹیکنالوجی سے لیس ایک زبردست کاروباری مرکز میں بدل چکی ہے۔ آج داؤد سینٹر ایک نمایاں علامت ہے، جو ترقی اور جدت کی پائدار وراثت کو ظاہر کرتا ہے۔

### پارسیوں کے اثرات: کراچی کے مستقبل کی تعمیر




#### آواری ہوٹل

مارچ 1948 میں ممبئی سے تعلق رکھنے والے ڈنشا آواری نے آواری ہوٹل گروپ قائم کیا۔ کراچی میں آواری ہوٹل کی پہلی جگہ بیچ لگژری ہوٹل تھی جس کا افتتاح 21 مارچ 1948 کو ہوا تھا۔ گروپ نے پاکستان اور مشرق وسطیٰ میں اپنے قدم پھیلائے، جس میں کراچی میں آواری ٹاورز اور دبئی آواری شامل ہیں۔ 17 منزلہ عمارت میں 120 جدید کمرے اور قیام گاہیں ہیں، اور یہ کراچی کی بلند ترین عمارات میں سے ایک ہے۔

### با اختیار کراچی:

#### مسیحی برادری کے اثرات

#### کراچی ایڈونٹسٹ ہسپتال

1947 میں ایک خیمہ ہسپتال کے طور پر شروع ہونے والا یہ ہسپتال 1951 میں سیونتھ ڈے ایڈونسٹنٹ چرچ نے تعمیر کیا۔ ہسپتال جامع طبّی سہولیات فراہم کرتا ہے جس میں جسمانی، ذہنی اور روحانی علاج شامل ہیں۔ یہ پسماندہ آبادیوں کے لیے ہیلتھ کیمپوں کا انعقاد کرتا ہے اور کمیونٹی اقدامات بھی اٹھاتا ہے۔ ہسپتال صحت کی جامع سہولیات کی فراہمی کی وجہ سے آج بھی ایک قابلِ بھروسا ادارہ ہے۔



# مہاجر کیمپوں سے آبادکاری تک

## کراچی کی ترقی اور چیلنجز کا سفر

1947 میں تقسیمِ ہند نے کراچی کو ایک نئی صورت دی اور اس کے شہری ڈھانچے، سماجی و سیاسی حرکیات اور معیشت پر اثرات مرتب کیے۔

### تعمیراتی بحران :

گنجائش سے زیادہ آمد

کراچی کو تقسیم کے بعد زبردست تعمیراتی بحران کا سامنا کرنا پڑا کیونکہ اس کی آبادی 400,000 سے بڑھ کر 1950 کی دہائی کے اوائل میں 10 لاکھ سے زیادہ تک پہنچ گئی۔
شہر کا بنیادی ڈھانچہ مہاجرین کی غیر معمولی تعداد میں آمد سے نمٹنے کے لیے تیار نہیں تھا۔

### عارضی پناہ گاہیں اور مہاجر کیمپ


کورنگی اور ملیر جیسے علاقوں میں موجود مہاجر کیمپ مستقل آبادیوں میں بدل گئے، جبکہ عارضی رہائش گاہوں میں اکثر بنیادی ضروریات کی کمی تھی۔ کورنگی ٹاؤن شپ، جس کا منصوبہ ابتدائی طور پر ایک ماڈل مہاجر آبادی کے طور پر بنایا گیا تھا، جلد ہی حد سے زیادہ آبادی اور وسائل کی کمی کا شکار ہو گئی، جس سے شہری غربت میں اضافہ ہوا۔

### سرکاری گھریلو اسکیمیں

حکومت نے درمیانے اور نچلے درجے کے مہاجرین کے لیے لیاقت آباد، ناظم آباد اور فیڈرل بی ایریا جیسی گھریلو اسکیموں کا آغاز کیا۔

### بنیادی ڈھانچے پر دباؤ

ایک دباؤ کا شکار شہر کراچی کا بنیادی ڈھانچہ اصل میں ایک کہیں چھوٹی آبادی کے لیے بنایا گیا تھا، جو بڑے پیمانے پر ہجرت کی وجہ سے سخت دباؤ کا شکار ہوا، یوں وسائل میں قلت پیدا ہوئی اور رہائشی حالات بدتر ہوتے گئے۔



### نقل و حمل کی پریشانی

ٹرانسپورٹ یعنی نقل و حمل کا نظام بھی اس بڑھتی ہوئی طلب کو پورا نہیں کر پایا، حد سے زیادہ بھری ہوئی بسوں، شاہراہوں پر رش اور کورنگی اور ناظم آباد جیسے علاقوں میں بنیادی ڈھانچے کی قلت میں اضافہ ہوا۔ یہاں رہنے والوں کو زیادہ تر ٹرانسپورٹ کے غیر رسمی اور ناقابل بھروسا اقدامات پر بھروسا کرنا پڑا۔

### فراہمی و نکاسی آب


کراچی کی تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی نے فراہمی اور نکاسی آب کے مسائل پیدا کیے اور حد سے زیادہ گنجان آبادیوں میں ہیضے اور تپِ دق (ٹی بی) جیسے امراض پھوٹ پڑے۔ نئی آبادیوں میں نکاسی آب کے مسائل نے کھلی نالیوں اور کچرے کو ٹھکانے لگانے کے ناقص عمل کو فروغ دیا، جس نے کراچی کی شہری تباہی میں اپنا حصہ ڈالا۔

### بجلی کی قلت

آبادی میں اضافے نے شہر میں بجلی کے نظام کو سخت دباؤ کا شکار کر دیا، جس سے بجلی بار بار جانے لگی، خاص طور پر مہاجر آبادیوں میں۔

### مقامی آبادیوں کا اخراج

آبادکاری کے عمل نے کئی مقامی سندھیوں کو اپنے علاقوں سے نکالا، کیونکہ مہاجرین کی آبادیوں نے کراچی کے گرد ان کی آبائی زمینوں پر جگہ حاصل کی۔ اس نے زمینی تنازعات پیدا ہوئے اور سندھیوں اور مہاجروں کے درمیان نسلی کشیدگی میں اضافہ ہوا۔





# کراچی کی تعمیر

برادریاں جنھوں نے بعد از تقسیم شہر
کے مستقبل کی صورت گری کی

بعد از تقسیم شہرِ کراچی کی ترقی اس کی استقامت، اتحاد اور تبدیلی کی علامت ہے۔ لاکھوں مہاجرین کی آمد ہوئی اور اس کے ساتھ ہی مختلف ثقافتیں، مہارتیں اور تجربات بھی اس شہر میں آئے، جنھوں نے کراچی کو پاکستان کا سب سے بارونق شہر اور مختلف اقوام کا مسکن بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ 1947 کی اس زبردست تبدیلی نے کراچی کے سماجی اور معاشی منظرنامے کو ایک نئی صورت دی، جس میں مختلف برادریوں نے صحت، تعلیم اور تجارت کے شعبوں میں اپنا کردار ادا کیا۔ آج کراچی کی کثیر الثقافتی شناخت اور تجارتی مرکز کی حیثیت سے کامیابی ان مختلف برادریوں کے شہر پر پڑنے والے دیرپا اثرات کی عکاس ہے۔





## ہندو برادری

کراچی کی ترقی کے بنیادی ستون

ہندو برادری نے برطانوی اقتدار کے ساتھ مطابقت اختیار کر کے سندھ کی انتظامیہ اور معیشت میں اہم کردار ادا کیا۔ بننے والے نئے تجارتی راستوں کا فائدہ اٹھاتے ہوئے سندھی تاجر خوب پھلے پھولے، یہاں تک کہ یورپ کا غلبہ رکھنے والی مارکیٹوں میں بھی۔ عامل برادری برطانوی انتظامیہ میں آگے بڑھی، تعلیم کو فروغ دیا جس میں دیارام جیٹھ مل سندھ کالج کی تعمیر بھی شامل ہے۔ بیسویں صدی کے اوائل میں ہندو سندھ کی انتظامیہ اور معاشی ترقی کے لیے بہت اہم تھے۔



## کراچی کی ترقی

بوہری اثر

سن 1963 میں سیدنا طاہر سیف الدین نے سیفی عید ذہبی انسٹیٹیوٹ قائم کیا، جس نے تعلیم کے شعبے میں بوہری برادری کے اثرات اور کراچی کی ترقی میں اضافہ کیا۔ ان کے مخصوص تھالی نظام نے سب کو ساتھ لے کر یکساں مواقع فراہم کرنے اور پائداری کے عمل کو فروغ دیا، جبکہ سیفی ہسپتال جیسے فلاحی منصوبوں اور کاروباری منصوبوں نے شہر کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالا۔ بوہری برادری کی سماجی بہبود اور ورثے کے تحفظ سے وابستگی نے شہر کراچی پر دیرپا اثرات مرتب کیے ہیں۔



## یہودیوں کا حصہ

کراچی کے پوشیدہ نگینے

موسیس سومیک، ایک یہودی ماہرِ تعمیر، جنھوں نے کراچی کی تعمیرات پر دیرپا اثرات مرتب کیے، ایڈورڈ ہاؤس، فلیگ اسٹاف ہاؤس (جو قائدِاعظم ہاؤس میوزیم کے نام سے بھی جانا جاتا ہے)، کراچی گوآن ایسوسی ایشن ہال، میولز مینشن، اور بائی ویر بائیجی سوپاری والا (بی وی ایس) پارسی ہائی اسکول۔ ان کے کام میں سادگی اور مختلف اثرات کا ملاپ پایا جاتا تھا، مثلاً نشاۃ ثانیہ کے عناصر اور نیم دائرہ بالا خانے۔ سومیک کا مخصوص انداز، جو "سومیکسک" کہلاتا ہے، اب بھی کراچی کے تعمیراتی ورثے کی پہچان ہے۔ انھوں نے وکٹوریا مینشن کے ڈیزائن میں بھی اپنا حصہ ڈالا تھا۔



# شہر بانو


## تقسیم کے گواہ اور ان کی یادیں

"میری شادی بھارت میں ہوئی اور دو سال وہاں رہنے کے بعد ہم کراچی، پاکستان منتقل ہو گئے، جہاں ہم نے آخرکار اپنا گھر بنا لیا۔

**شروع میں ہم ایک چھوٹے سے کوارٹر میں رہتے تھے، لیکن بعد میں العظم اسکوائر میں اپنا گھر تعمیر کیا۔**

1965 کی جنگ کے دوران رابطے انتہائی مشکل تھے۔ مجھے اپنے بھتیجے کو کینیڈا خط بھیجنا پڑتا تھا، جو اسے بھارت بھیجتا تھا۔

**ماضی کو یاد کرتے ہوئے، مجھے لگتا ہے کہ تقسیم کبھی نہیں ہونی چاہیے تھی — اس نے لوگوں کو بکھیر دیا، دو جگہوں کے درمیان بے یار و مددگار کر دیا۔"**



## میمن برادری

کراچی کی سماجی بہبود میں انقلابی کردار

عبدالستار ایدھی، جو پاکستان کے سب سے بڑے فلاحی نیٹ ورک، ایدھی فاؤنڈیشن کے بانی تھے، انہوں نے 335 مراکز اور 1,800 ایمبولینسز کا ایک بیڑا چلایا۔ بھاری عطیات وصول کرنے کے باوجود، ایدھی نے سادہ زندگی گزاری، صرف دو جوڑوں کے کپڑوں کے مالک تھے اور ایک دو کمروں کے اپارٹمنٹ میں رہتے تھے۔

انہوں نے 1951 میں اپنی خدمت کا آغاز کیا، ایک پرانی وین خرید کر طبی امداد فراہم کی۔ انہوں نے یتیم خانے، پناہ گاہیں، زچگی کے مراکز اور تدفین کی خدمات شامل کر کے معاشرتی مسائل کے اہم خلا کو پورا کیا۔ انسانیت اور سادگی کے لیے ان کی زندگی بھر کی کمٹمنٹ پاکستان کی فلاحی تاریخ کا ایک اہم ستون ہے۔

## احمد عبد الباری (باری میاں)

## تقسیم کے گواہ اور ان کی یادیں

«میرے والد، مولانا جمال احمد فرنگی محلی، لکھنؤ کے تاریخی فرنگی محل سے تعلق رکھتے تھے۔ تقسیم کے بعد ہمارا سفر پہلے ڈھاکہ اور پھر کراچی تک پہنچا، جہاں ہم نے آخرکار سکونت اختیار کی۔ تقسیم کے بعد کی زندگی عزم اور محنت کی مثال تھی۔ **لوگ اپنی زندگی اور ملک کی تعمیرِ نو کے لیے انتھک محنت کرتے رہے—یہاں تک کہ عارضی دفاتر میں چائے کی پیٹیوں پر بھی کام کیا۔**

لکھنؤ کا ایک مشہور قول ہے:'**خدا آباد رکھے لکھنؤ کو، پھر غنیمت ہے، نظر کوئی نہ کوئی پیاری صورت آ ہی جاتی ہے۔**' یہی بات کراچی پر بھی صادق آتی ہے '**خدا آباد رکھے کراچی کو، پھر غنیمت ہے، نظر کوئی نہ کوئی پیاری صورت آ ہی جاتی ہے۔** للہ کرے کراچی ہمیشہ خوشحال اور خوش آمدیدی رہے، جیسا کہ یہ ہمیشہ رہا ہے۔"

## بشیر سلطانہ

## تقسیم کے گواہ اور ان کی یادیں

«تقسیم کے دوران ہمیں شدید خطرات کا سامنا کرنا پڑا، ہندو ہمیں نشانہ بنا رہے تھے۔ دہلی میں سب کچھ چھوڑ کر ہم ہوائی جہاز کے ذریعے کراچی ہجرت کر گئے۔

کراچی میں زندگی کا آغاز نیا تھا۔ **پہلے ہم برنس روڈ پر رہے، پھر ناظم آباد میں اپنا گھر خریدا۔** کراچی ایک خوش آمدیدی اور زندہ دل شہر محسوس ہوا۔

بھارت میں اسکول کے دن یادگار تھے۔ ہم لڑکیاں پالکی میں بیٹھ کر کہار کے ذریعے اسکول جایا کرتی تھیں۔ وہ سادہ وقت تھے۔ فضا نعرے بازی سے گونجتی تھی جیسے **'قائداعظم زندہ باد' اور بن کر رہے گا پاکستان'**۔قائداعظم ایک متحد کرنے والی قوت تھے، جو مشکل وقتوں میں امید اور عزم پیدا کرتے تھے۔"

# تقسیم سے پہلے کا کراچی

## وقت کے سفر کی داستان

تقسیمِ ہند سے پہلے کا کراچی برِصغیر کے سب سے زیادہ قابلِ رہائش شہروں میں سے ایک تھا۔ شہر کے بیشتر علاقوں میں نہ لوگ زیادہ ہوتے تھے اور نہ گاڑیاں۔ بسوں اور ٹراموں کا ٹرانسپورٹ نیٹ ورک، جو تقریباً سارے کا سارا نجی ملکیت میں تھا، بہت ہموار انداز میں چلتا تھا۔


انڈو یورپین طرزِ تعمیر کی مختلف دلکش عمارتیں شہر میں موجود تھیں: فریئر ہال، ایمپریس مارکیٹ، سندھ کلب، نیپیئر بیرکس، میری ویدر ٹاور، ہولی ٹرینٹی کیتھیڈرل، سینٹ اینڈریوز چرچ، سینٹ پیٹرکس کیتھیڈرل، پرانی سندھ اسمبلی، ہائی کورٹ، موہٹہ پیلس، لکشمی بلڈنگ، کے ایم سی بلڈنگ، کسٹمز ہاؤس اور ویسٹ وارف۔




کراچی تجارت کا اہم مرکز تھا، جس کی آبادی تقسیم کے وقت تقریباً ساڑھے ٤ لاکھ تھی۔ تب سے اب تک اس بندرگاہ والے شہر کی آبادی تقریباً ٥٠ گنا بڑھ چکی ہے، جو ایک غیر معمولی شرح ہے، جو دونوں نئے ملکوں کے درمیان آبادی کے تبادلے اور پھر پاکستان کے دیہی علاقوں سے ہونے والی اندرونِ ملک ہجرت کی وجہ سے ممکن ہوئی۔



تقسیمِ ہند کے وقت کراچی کی واجبی سی آبادی میں مختلف مذہبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کا زبردست ملاپ تھا جن میں مسلمان، ہندو، سکھ، مسیحی، پارسی اور یہودی بھی شامل تھے اور ساتھ ہی زبانوں کا ملاپ بھی جیسا کہ سندھی، بلوچی، کچھی، گجراتی، ہندوستانی اور انگریزی۔




# تقسیم سے پہلے کا کراچی

## وقت کے سفر کی داستان

تقسیمِ ہند سے پہلے کراچی ایک ہندو اکثریتی شہر تھا، جو زیادہ تر سندھی بولنے والے تھے۔ شہر کی ابتدائی آبادیوں کا نقشہ بھی پرانے بمبئی سے ملتا جلتا تھا، جو خود بھی ایک بندرگاہ رکھنے والا شہر ہی ہے بلکہ دونوں شہروں کی ثقافت، زبان اور کھانے پینے کی بہت سی چیزیں بھی آپس میں ملتی ہیں۔

لیکن کراچی کی آبادیاتی خصوصیات ١٩٤٧ میں بڑے پیمانے پر تبدیل ہوئیں۔ تقسیم کے بعد چند مہینوں میں ٨٠,٠٠٠ افراد دلّی سے آئے۔ یہ ہندوستان سے ہونے والی ہجرت کا آغاز تھا جو ١٩٥٥ تک جاری رہی، جس میں شہر کی آبادی میں تقریباً ٥ لاکھ افراد کا اضافہ ہوا۔ مہاجرین کی پہلی لہر کی آباد کاری ہونے تک کراچی ایک مسلم اکثریتی شہر بن چکا تھا اور اِس کی آدھی سے زیادہ آبادی اردو بولنے والوں پر مشتمل تھی۔ دنیا میں بہت کم شہر ہوں گے جنھیں اتنی تیزی سے تبدیلی کے اتنے بڑے عمل سے گزرنا پڑا ہو۔

